Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۳ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۷ رجمادی الاول ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۴ رجون ۱۹۳۹ء جلد ۵۱

احکام اجلاسِ ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری "رسالہ احکام گورنمنٹ ریاست رامپور صیغہ مال سنہ ۱۹۳۹ء"

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار :- مورخہ ۱۲ راپریل سنہ ۱۹۳۹ء

حسب استدعائے عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر رسالہ احکام گورنمنٹ ریاست رامپور صیغہ مال سنہ ۱۹۳۹ء کی تجربۃً ایک سال کے لئے منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ راپریل سنہ ۱۹۳۹ء میں عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ عرصہ سے ریاست کے صیغہ مال میں اس امر کی ضرورت تھی کہ ایک مجموعۂ قواعد مثل یو پی ریونیو مینول تیار کیا جائے چنانچہ ضروریات کا لحاظ رکھتے ہوئے مسٹر ابوسعید وجیہ اللہ خاں صاحب افسر آن اسپیشل ڈیوٹی نے مجموعۂ قواعد موسوم بہ:-

رسالہ احکام گورنمنٹ ریاست رامپور
صیغہ مال سنہ ۱۹۳۹ء

مرتب کیا ہے۔ اور اس قلیل مدت میں جس محنت سے قواعد کی ترتیب کی ہے اس کے لحاظ سے ان کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ لہذا رسالہ مذکور ایک سال کے لئے تجربۃً قابل منظوری ہے۔ کونسل نے بھی جلسہ مذکور میں ایک سال کے لئے منظوری رسالہ مذکور سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۲ راپریل سنہ ۱۹۳۹ء